نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ایم این ایس زرعی یونیورسٹی، مینگوریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان اور سینٹورس مال مینجمنٹ کے زیرِاہتمام اسلام آباد میں منعقدہ دوروزہ مینگوفیسٹول کا افتتاح کردیا۔

حکومت پنجاب آم کی مختلف اقسام کے معیار کو بہتر بنانے اوراس کی برآمدات کو بڑھانے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:2 جولائی 2021(   ) صوبہ پنجاب میں آم 17 لاکھ ایکڑ پر کاشت ہورہا ہے جس سے سالانہ 1.7 ملین ٹن پیداوار حاصل ہوتی ہے جوملکی مجموعی پیداوار کا 70 فیصد ہے۔حکومت پنجاب آم کی مختلف اقسام کے معیار کو بہتر بنانے اوراس کی برآمدات کو بڑھانے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔اس مقصد کے لئے آم کے باغبانوں اوراسٹیک ہولڈرز کیلئے ریسرچ اورڈویلپمنٹ،تکنیکی معاونت اورآگاہی کوفروغ دینے کیلئے مختلف منصوبہ جات پرعملدرآمد جاری ہے ان خیالات کا اظہار وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے سینٹورس اسلام آباد میں منعقدہ دوروزہ مینگوفیسٹول کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کیا۔اس تقریب کا اہتمام مشترکہ طور پر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ، مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان اور سینٹورس مینجمنٹ اسلام آباد نے پاکستان میں ۔اس فیسٹول میں خاص طور پر جنوبی پنجاب کی آم کی مختلف اقسام کی نمائش کے لئے کیا گیا ہے۔اس میگا ایونٹ میں اسٹیک ہولڈرز (زرعی ماہرین ،کاشتکار، برآمدکنندگان ،اکیڈمیا اورمختلف سفارت کاروں) کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے مزید کہا کہ پاکستان زیادہ آم کی پیداوار حاصل کرنے والے ممالک میں چھٹے نمبر پر ہےاور پاکستان میں 0.142 ملین ایکڑ رقبہ آم کے باغات پر مشتمل ہے۔پاکستان میں آم کی پیداوار سٹرس کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔پاکستان میں آم کی 300 سے زائد اقسام پائی جاتی ہیں جن میں سندھڑی، ثمر بہشت، چونسہ، دوسہری، انورر ٹول، لنگڑا، فجری، مالٹا، سفید چونسہ، کالا چونسہ اوررٹول 12 اہم اقسام ہیں۔آم کی برآمد سے سالانہ 1.04 ملین ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے یہ بھی کہا وزیرزراعت پنجاب نے اسلام آباد میں آموں کی نمائش بطور" پھلوں کے بادشاہ اور بادشاہوں کے پھل"کے طور پر منعقد کرنے پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔اس موقع پر یاسرالیاس صدر چیمبرآف کامرس اسلام آباد، وائس چانسلر ایم این ایس یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر آصف علی نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔اس افتتاحی تقریب میں غیرملکی سفیروں کے علاوہ ڈاکٹر عابد محمود چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ بورڈ پنجاب، محمد رفیق اختر ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب اور دیگر افسران کے علاوہ عوام اورآم کی انڈسٹری سے وابستہ اسٹیک ہولڈرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆